| Barelvi Mazhab Aik Ganda Gustaakh Mazhab hai |

Thursday, April 10th, 2003

کینیڈا میں مقیم مسلمانوں پر سود جائز ہے ڈاکٹر طاہر القادری

مسلمان عالم کفر میں رہتے ہیں اور ان حالات میں شریعت کا نفاذ نہیں ہوتا مکان کی خرید اور کاروباری ضروریات کیلئے قرضے لیکر سود کی ادائیگی کر سکتے ہیں

نیویارک + ٹورنٹو (نمائندہ خصوصی) کینیڈا میں مقیم تمام مسلمانوں پر سود کا لین دین جائز ہے اس لئے کہ مسلمان عالم کفر میں رہتے ہیں اور ان حالات میں شریعت کا حکم نافذ العمل نہیں ہے لہٰذا مسلمان مکان کی خرید اور کاروباری ضروریات کیلئے قرضے لیکر اس پر سود کی ادائیگی کر سکتے ہیں۔ یہ جائز ہے اور اسلام کو سب سے زیادہ نقصان اسامہ بن لادن اور اس کے ساتھیوں نے پہنچایا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان عوامی تحریک کے رہنما اور ممبر پاکستان قومی اسمبلی علامہ طاہر القادری نے ادارہ منہاج القرآن کینیڈا کے زیر اہتمام منعقدہ ایک تقریب میں کیا۔ کینیڈا میں مکان خریدنے کیلئے قرضہ کے حصول کی شرعی حیثیت کے موضوع پر علامہ طاہر القادری نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ کینیڈا میں مقیم مسلمان غیر اسلامی معاشرہ میں رہ رہے ہیں اور یہاں رہتے ہوئے حکومت کی سہولتوں سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ مثلاً سوشل سیکورٹی، پنشن فنڈ، میڈیکل سہولت اور تعلیمی نظام۔ یہ سب حکومت کے خزانے سے رقم مہیا کی جاتی ہے اور خزانے میں رقم سود، ٹیکس اور حرام اشیاء کی فروخت پر ٹیکس سے جمع ہوتی ہے۔ اس طرح ہر مسلمان کی آمدنی بھی حرام قرار پائے گی۔ یہ حالت مجبوری ہے۔ یہ اجتہادی مسئلہ ہے۔ عالم کفر میں شریعت کے نفاذ کے قوانین میں نرمی کا حکم ہے۔ اگر مسلمان کینیڈا کی معیشت میں حصہ نہیں لیں گے تو معاشی طور پر کمزور ہو جائیں گے۔ مغربی دنیا میں مقیم مسلمان مساجد اور مدارس کی تعمیر میں بھرپور مالی تعاون فراہم کر رہے ہیں۔ یہ سلسلہ اگر بند ہو گیا تو اسلام ہر لحاظ سے کمزور ہو جائے گا اس لئے عالم کفر میں رہتے ہوئے مسلمانوں کا سود کا لین دین جائز ہے۔ شریعت کا یہ متفقہ اصول ہے کہ حالات کے مطابق نفاذ شریعت کا قانون بھی تبدیل ہو جاتا ہے۔

کینیڈا میں مقیم مسلمانوں کیلئے سود جائز ہے، طاہر القادری

غیر مسلم ملک میں رہنے والے مسلمانوں پر شریعت کا حکم نافذ العمل نہیں ہوگا

ٹورانٹو (پاکستان پوسٹ) پاکستان عوامی تحریک کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر محمد طاہر القادری نے ادارہ منہاج القرآن کینیڈا کے زیر اہتمام تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 9

بقیہ نمبر 26

کینیڈا میں مقیم تمام مسلمانوں کیلئے سود کا لین دین جائز ہے۔ اس لئے کہ مسلمان غیر مسلم ملک میں رہتے ہیں اور ان حالات میں شریعت کا حکم نافذ العمل نہیں ہے۔ لہٰذا مسلمان مکان کی خرید و فروخت اور کاروباری ضروریات کیلئے قرضے لے کر اس پر سود کی ادائیگی کر سکتے ہیں۔ یہ جائز ہے انہوں نے کہا کہ اسلام کو سب سے زیادہ نقصان اسامہ بن لادن اور اس کے ساتھیوں نے پہنچایا۔

| Create a free website with |